# سوال نمبر 790

## منجانب: جناب احسان اللہ خان صاحب رکن صوبائی اسمبلی

| سوال | جواب |
|---|---|
| کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ | |
| (الف) آیا یہ درست ہے کہ گومل زام ڈیم منصوبہ محکمہ ہذا کے زیر انتظام آتا ہے؟ | (الف) جی ہاں یہ درست ہے گومل زام کینال سسٹم محکمہ آبپاشی (گومل زام اریگیشن ڈویژن ڈی آئی خان) کے چارج میں ہے، گومل زام ڈیم واپڈا، جبکہ کمانڈ ایریا (کھالہ جات) محکمہ زراعت کے تحت ہیں |
| (ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس منصوبہ کے تحت پٹوار کورس کی تربیت دی گئی ہے۔ | (ب) جی ہاں یہ درست ہے کہ گومل زام اریگیشن ڈویژن میں پٹوار کورس کی تربیت دی گئی ہے۔ |
| (ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جن افراد نے کورس مکمل کیا ہے، آیا ان سے امتحان لیا گیا اور اگر تاحال امتحان نہیں لیا گیا تو اس کے جوابات کیا ہیں۔ نیز کورس کرنے والوں سے کب تک امتحان لیا جائے گا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ | (ج) جی ہاں، محکمہ ہذا نے پٹوار کورس کرنے والے امیدواروں سے ابھی تک امتحان نہیں لیا۔ جسکی وجوہات درج ذیل ہیں جیسا کہ<br>1) ابھی تک نئے اور پرانے پٹوار امیدواران کے متعدد مقدمات ہائی کورٹ (بینچ) ڈی آئی خان میں زیر التوا ہیں۔<br>2) اس کے علاوہ نگران حکومت کے دوران اور پھر موجودہ حکومت میں مارچ 2024 سے ہر قسم کی نئی بھرتیوں پر پابندی کا ہونا تھا۔<br>تاہم ضابطہ کی کاروائی مکمل کرنے کے لیے اعلیٰ حکام کو مراسلے بھیجے گئے ہیں جن کی منظوری کے بعد مذکورہ امتحان کا انعقاد کیا جائے گا۔ |